## وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی پر فرد جرم عائد کئے جانے پر مجھے دلی افسوس ہے۔الطاف حسین
## حکومت صبر واستقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے عدالتی کارروائی کا احترام کرے اور ایسے کسی بھی عمل سے پرہیز کرے جوجذباتی ردعمل کی عکاسی کرے
## اس وقت ملک اداروں کے درمیان کسی بھی قسم کے تصادم اور محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا

لندن۔۔۔13 فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے توہین عدالت کیس میں وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی پر فرد جرم عائد کئے جانے پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج جو کچھ ہوااس پر مجھے دلی افسوس ہے۔میں نے بارہا یہ بات کہی ہے کہ ریاست کے تمام ادارے ایک دوسرے کا احترام کریں،ایک دوسرے کے مراتب کالحاظ رکھیں اور تصادم سے ہرصورت گریز کیا جائے۔اب جبکہ توہین عدالت کے معاملے میں وزیراعظم پر فرد جرم عائد کردی گئی ہے تو حکومت کو چاہیے کہ وہ صبر واستقامت کا مظاہرہ کرتے ہوئے عدالتی کارروائی کا احترام کرے اور ایسے کسی بھی عمل سے پرہیز کرے جوجذباتی ردعمل کی عکاسی کرتا ہوکیونکہ اس وقت ملک اداروں کے درمیان کسی بھی قسم کے تصادم اور محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

## اے این پی پنجاب کے سینئر نائب صدر ناصر محمود چوہدری کی اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان
## ایم کیوایم کے خلاف پھیلائی گئی غلط فہمیوں اور نفرتوں کے خاتمے کے لئے عملی کردار ادا کریں گے،شمولیت اختیار کرنے والی شخصیات کی تاثرات
## ایم کیوایم نے غریب متوسط طبقے کے پڑھے لکھے نوانوں کو عام انتخابات میں منتخب کرواکر ملک کے ایوانوں میں بھیجا
## سیاسی وتجارتی شخصیات کا ایم کیوایم میں شمولیت ایم کیوایم کی مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے،رضا ہارون

لاہور۔۔۔۔13فروری2012

اے این پی پنجاب کے سینئر نائب صدر ناصر محمود چوہدری،اے این پی سینٹرل ایگزیکٹیوکونسل کے رکن رضوان ظفر قریشی اور سیکریٹری انفارمیشن پنجاب عامر خان لودھی نے اپنے دیگر سینکڑوں ساتھیوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی سے متاثر ہوکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرلی۔ایم کیوایم میں شمولیت کا باقاعدہ اعلان انہوں نے رابطہ کمیٹی کے اراکین سیف یار خان،رضا ہارون،واسع جلیل اور لاہور زونل کمیٹی کے انچارج ملک وسیم کھوکھر کے ہمراہ ایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں ایک پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے ناصر محمود چوہدری،رضوان ظفر قریشی اور عامر خان لودھی نے کہا کہ ہمیں متحدہ قومی موومنٹ میں سب سے اچھی بات ہمیں یہ لگی ہے کہ اس میں کوئی موروثی سیاست نہیں اور ہم باحیثیت کارکن قائد تحریک جناب الطاف حسین کے اس پیغام کو آگے بڑھائیں گے۔انہوں نے کہا کہ ہم نے یہ دیکھا ہے کہ ایم کیوایم نے غریب متوسط طبقے کے پڑھے لکھے نوانوں کو عام انتخابات میں منتخب کرواکر ملک کے ایوانوں میں بھیجا تاکہ وہ ملک وقوم کی خدمت کرسکیں۔انہوں نے کہا ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کے فکر وفلسفے سے متاثر ہوکر الطاف حسین کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت کا اعلان کرتے ہیں اور اس عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ ہم تحریک کے عام کارکن کی حیثیت سے ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور استحکام کے لئے حق پرستی کی اس تحریک کی جدوجہد میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے اور ایم کیوایم کے خلاف پھیلائی گئی غلط فہمیوں اور نفرتوں کے خاتمے کے لئے بھی عملی کردار ادا کریں گے۔قبل ازیں رکن رابطہ کمیٹی رضا ہارون نے ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر ایم کیوایم کے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اپنے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ کے مطابق ملک کے تمام مظلوموں کے حقوق کے حصول کے لئے عملی جدوجہد کررہی ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کی مقبولیت میں نہ صرف دن بہ دن ملک بلکہ دنیا بھر میں اضافہ ہورہا ہے۔انہوں نے کہا کہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی ایم کیوایم میں شمولیت 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی قائد تحریک جناب الطاف حسین کے ساتھ محبت اور ایم کیوایم کی مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ایم کیوایم میں شمولیت کرنیوالوں میں سیعید خان،انعام اللہ جان،مہر خالد محمود،نور خان،نذیر خان،خان بہادر حاجی باروز خان،مولانا سلیم طاہر سمیت سینکڑوں دیگر عہدیدار اور کارکن بھی شامل ہیں۔

## اے این پی پنجاب کے عہدیداروں کی ایم کیوایم میں شمولیت کے موقع پر پنجاب ہاؤس لاہور میں شاندار استقبال

لاہور۔۔۔۔۔13فروری2012

اے این پی پنجاب کے عہدیداروں کی ایم کیوایم میں شمولیت کے موقع پرایم کیوایم پنجاب ہاؤس لاہور میں ان کی آمد کے موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان، زونل انچارج لاہور ملک وسیم کھوکھر، ڈسٹرکٹ انچارج لاہور ارشادالحق نے اراکین زونل وڈسٹرکٹ کمیٹی کے ہمراہ مہمانوں کا پرزور استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔اس موقع پر کارکن ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے بھی ڈالتے رہے اور نیومسلم ٹاؤن کا علاقہ جئے الطاف حسین، جئے متحدہ کے نعروں سے گونج اٹھا۔

## ایم کیوایم کی جانب سے سینیٹ کے انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرادیئے گئے

## ایم کیوایم نے ہمیشہ 98فیصد غریب عوام کی بات کی ہے،اور ہماری کوشش ہوگی منتخب ہونے کے بعد سینٹ میں ایسے قانون پاس کروائے جائیں جن سے عوام کو ریلیف ملے،اراکین رابطہ کمیٹی

کراچی:۔۔۔13فروری2012ء

سینیٹ کے انتخابات کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے کاغذات نامزدگی داخل کرادیئے گئے ہیں۔اس سلسلے میں پیر کے روز رابطہ کمیٹی کے اراکین نسرین جلیل،کنورنوید جمیل،کنور خالد یونس،معروف قانون دان بیرسٹر فروغ نسیم،کرنل (ر) طاہر مشہدی، ارشد وہرہ،، نائلہ لطیف، پونجومل بھیل، عارف بھٹی مسیح اور عمر خان علی شیرزئی نے الیکشن کمیشن آفس میں صوبائی الیکشن کمشنر کو درخواستیں جمع کرائیں۔کاغذاتِ نامزدگی جمع کروانے کے بعد میڈیا کے نمائندے گان سے گفتگو کرتے ہوئے،نسرین جلیل،کنورنوید جمیل،کنور خالد یونس نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پڑھے لکھے لوگوں کو ایوانوں میں بھیجا ہے اور غریبوں کیلئے اقتدار کے ایوانوں میں ایم کیو ایم کے نمائندوں نے جتنی آواز بلند کی کسی اور نے نہیں کی۔انہوں نے کہا کہ ہم الطاف حسین بھائی کے بے حد شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہم پر بھروسہ کر کہ ہمیں موقع دیا کے ہم سینیٹ میں ایم کیوایم کی نمائندگی کریں اور اگر ہم منتخب ہوگئے تو ہماری بھرپور کوشش ہوگی کہ غریب عوام کو ریلیف کیلئے سینیٹ میں قانون سازی کریں اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کریں۔

## ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں راولپنڈی، اسلام آباد اور لاہور میں کیمپوں کا انعقاد

## عوام کی حکمرانی، کرپشن سے ملک کو پاک کرنے کیلئے ہے،سیف یار خان

## رکنیت سازی مہم کے سلسلے کیمپوں کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

راولپنڈی۔۔۔۔۔13فروری،2012ء

ملک بھر میں جاری متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے رکنیت سازی مہم کے پانچویں روز بھی راولپنڈی، اسلام آباد، فیصل آباد کے کئی مقامات اور لاہور میں واقع نشتر روڈ پر رکنیت سازی کے سلسلے میں کیمپوں کا انعقاد کیا گیا۔جہاں پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے ایم کیوایم لاہور زون کے انچارج ملک وسیم اراکین کمیٹی، ڈسٹرکٹ کمیٹی کے انچارج ارشادالحق ودیگر کے ہمراہ ممبر سازی کیمپوں کا دورہ کیا۔اس موقع پر کیمپوں پر موجود عوام میں ممبر سازی کے فارم تقسیم کیے اور انہیں پر کرنے کی غرض سے ان کی بھرپور رہنمائی بھی کی گئی، جبکہ ایم کیوایم کینٹ یونٹ کی جانب سے راولپنڈی کے مصروف ترین علاقے بینک روڈ صدر میں لگائے گئے کیمپ میں سینکڑوں کی تعداد میں عوام نے رکنیت سازی کے فارم پُر کئے اور ایم کیوایم کی رکنیت حاصل کی۔اس موقع پر کیمپوں پر موجود سینکڑوں کی تعداد میں کارکنان وعوام کی موجودگی کے باوجود مثالی نظم وضبط کا مظاہرہ دیکھنے میں آیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یارخان سینٹرل ایگزیکٹیو کونسل کے رکن زاہد ملک، اراکین زونل کمیٹی، ڈسٹرکٹ راولپنڈی کے انچارج عتیق عباسی، ڈسٹرکٹ اسلام آباد کے انچارج یاسر علی، اراکین ڈسٹرکٹ کمیٹی، ایم کیوایم کینٹ یونٹ کے انچارج رشید چوہدری، اراکین یونٹ کمیٹی، ذمہ داران وکارکنان عوام کی رہنمائی کیلئے موجود رہے اور رکنیت سازی مہم کے فارم پرّ کرتے رہے۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رکن رابطہ کمیٹی سیف یارخان نے کہا کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جدوجہد دراصل وطن عزیز سے جاگیردارانہ، سرمایہ دارانہ، کرپٹ موروثی سیاست کے خاتمے، عوام کی حکمرانی، کرپشن سے ملک کو پاک کرنے کے لیے ہے، ایم کیوایم ایک بڑی چٹان بن

چکی ہے جوبھی ٹکرائے گا وہ پاش پاش ہوجائے گا، ایم کیوایم غریب مظلوم ومحروم عوام کے دلوں کی آواز ہے جوعوام الناس میں شعور اجاگر کرنا چاہتی ہے اوراس سلسلے میں کوئی رکاوٹ نا قابل برداشت ہوگی، ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کے لیے موروثی سیاست کا خاتمہ کرتے ہوئے عوام کی حکمرانی قائم کرنی ہوگی اورایک ایسا خودمختار ملک بننا ہوگا کہ جسے کوئی اپنی میلی آنکھ سے دیکھنے کی ہمت نہ کرسکے مگراسکے لیے ہمیں بہت محنت اورلگن سے کام کرنے کی ضرورت ہے۔زاہدملک اورکیمپ میں موجود ذمہ داران نے رکنیت حاصل کرنے والے افراد کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔

## کراچی میں قتل وغارت گری سے متعلق الیاس بلور کے اعترافی بیان کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے،صوبائی تنظیمی کمیٹی
## کراچی سمیت ملک بھر کے پرامن شہری عوامی نیشنل پارٹی کے گھناؤنے منصوبے سے پوری طرح آگاہ ہوچکے ہیں

کراچی۔۔۔13،فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارا کین نے عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹرالیاس بلور کے اعترافی بیان کہ ’’عوامی نیشنل پارٹی نے کراچی میں ایم کیوایم کونکیل ڈالی ہے،کسی سندھ کے جاگیرداروڈیرے نے نہیں ڈالی‘‘ شدیدالفاظ میں مذمت کی ہے اورمطالبہ کیا ہے کہ الیاس بلور کے اعترافی بیان کی روشنی میں کراچی میں ایم کیوایم کے کارکنان ،ہمدردوں اورمعصوم شہریوں کے قتل عام کا نوٹس لیکراے این پی پابندی لگائے جائے۔اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ الیاس بلور کے اعترافی بیان سے ثابت ہوگیا ہے کہ اے این پی کراچی میں بدامنی کی اصل ذمہ دار ہے جوایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت کراچی میں قتل وغارتگری،لوٹ ماراورخواتین کی بے حرمتی کے جتنے واقعات کا بازارگرم کرتی رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ بارہ مئی کے سانحہ کے بعدعوامی نیشنل پارٹی نے جس طرح کراچی میں ایم کیوایم کے معصوم کارکنان اورشہریوں کا ناحق بہایا وہ قابل مذمت ہے جبکہ الیاس بلور کے اس کھلے اعترافی بیان کے بعداے این پی اوراس کے رہنماؤں کا اصل چہرہ بے نقاب کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس محترم افتخارمحمد چوہدری کے فرض منصبی اورانکے ضمیر کا تقاضہ ہے کہ وہ الیاس بلور کے شرانگیز اعتراف بیان کا سختی سے نوٹس لیں اورآئین وقانون کے مطابق اس کا فیصلہ کریں۔انہوں نے کہا کہ اب جبکہ کراچی سمیت ملک بھر کے پرامن شہری عوامی نیشنل پارٹی کے گھناؤنی منصوبے سے پوری طرح آگاہ ہوچکے ہیں اورجان چکے ہیں کہ کراچی میں ٹارگٹ کلنگ اورنہتے معصوم مہاجروں کی بستیوں پرآگ اورخون کی ہولی کھیلنے میں اس متعصّبانہ جماعت نے کیسا گھناؤنا کردارادا کیا ہے اب عوامی نیشنل پارٹی جتنی بھی وضاحتیں پیش کریں وہ اعتراف جرم کی تلافی نہیں کرسکتے۔صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج وارا کین نے چیف جسٹس جناب افتخارمحمد چوہدری کی توجہ مبذول کراتے ہوئے مطالبہ کیا کہ کراچی میں قتل وغارت گری سے متعلق الیاس بلور کے اعترافی جرم کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اوراے این پی پرفی الفور پابندی لگائی جائے۔

## قائدتحریک جناب الطاف حسین کے نامزدکردہ حق پرست نمائندے اقتدار کے ایوانوں میں 98 فیصدعوام کے حقوق کی آواز بلند کررہے ہیں،
## متحدہ قومی موومنٹ نے ہمیشہ غریب ومتوسط طبقہ کے حقوق کے حصول کیلئے جدوجہد کی ہے،حق پرست اراکین صوبائی اسمبلی
## ایم کیوایم کی ممبرسازی مہم کے چوتھے روز کراچی کے مضافاتی علاقوں میں واقع گوٹھوں اوردیہاتوں میں قائم
## کیمپوں پرسینکڑوں کی تعداد میں سندھی،بلوچی،سرائیکی اورکچھی برادری سے تعلق رکھنے والے افرادنے رکنیت فارم پُر کئے

کراچی۔۔۔13فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے جاری رکنیت سازی مہم کے سلسلے میں حق پرست رکن سندھ اسمبلی عادل خان،حق پرست صوبائی وزیر برائے انسانی حقوق نادیہ گبول اورانچارج وارا کین کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی نے گڈاپ سیکٹر میں قائم کیمپوں کا دورہ کیا،اس موقع پرکیمپوں میں موجود گڈاپ ٹاؤن کے مختلف گوٹھوں سے آئے ہوئے سندھی و بلوچی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والی عوام نے کثیر تعداد میں رکنیت سازی فارم پُر کرتے ہوئے کہا کہ ہم ایم کیوایم کی رکنیت سازی مہم شروع کرنے پرقائدتحریک جناب الطاف حسین کے بے حد مشکور ہیں کہ انہوں نے مظلوم ومحکوم طبقے کی عوام کوموقع دیا کہ وہ ایم کیوایم اورقائدتحریک الطاف حسین کے فکروفلسفہ کوقوم کے ہرفرد تک پہنچائیں۔اس موقع پرحق پرست رکن صوبائی اسمبلی عادل خان اورصوبائی وزیر برائے انسانی حقوق نادیہ گبول نے کیمپ پرموجود افراد سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ملک کے متوسط طبقے کی عوام کو جوفکروفلسفہ دیا ہے اس پرعمل پیرا ہوکرہی پاکستان کوترقی کی راہ پرگامزان کیا جاسکتا ہے،انہوں نے کہا کہ الطاف حسین ملک کے غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کیلئے جدوجہد کررہے ہیں اورانہوں نے ملک کے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے تعلیم یافتہ اہل افراد کواقتدار کے ایوانوں میں بھیج کریہ ثابت کردیا ہے کہ اگر ملک کی خدمت

سچے جذبے کے ساتھ کی جائے تو کبھی رائیگاں نہیں جاتی آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نامزد کردہ نمائندے اقتدار کے ایوانوں میں ملک کے 98 فیصد غریب ومحکوم عوام کے حقوق کی آواز بلند کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا فکر وفلسفہ تیزی سے پورے ملک میں پھیل رہا ہے اور آج پورے ملک کی عوام قائد تحریک الطاف حسین کو اپنے نجات دہندہ کے طور پر دیکھ رہے ہے اور وہ دن دور نہیں جب اقتدار کے ایوانوں میں قائد تحریک الطاف حسین کے منتخب کردہ نمائندوں کی اکثریت ہوگی اور پاکستان دن دگنی رات چوگنی ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔

## ایم کیوایم کے تحت "بااختیار عورت مضبوط پاکستان" خواتین کے جلسہ عام کی تیاریوں کا سلسلہ زور وشور سے جاری

## جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو پر کیمپ کا انعقاد،

## خواتین کا زبردست جوش خروش، جلسہ کے بارے معلومات حاصل کی

## ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان جلسہ عام کی تیاریوں میں مصروف

## ایم کیوایم کے پرچموں، جھنڈوں اور دوپٹوں کی سلائی ورنگائی اور پیکنگ کا کام جاری

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی اراکین نسرین جلیل اور ممتاز انور کا کیمپ کا دورہ، تیاریوں کا جائزہ لیا اور کام میں حصہ لیا

کراچی۔۔۔13فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام 19 فروری 2012ء کو باغ جناح کراچی میں منعقد ہونے والے خواتین کے جلسہ عام ''بااختیار عورت مضبوط پاکستان'' کے سلسلے میں تیاریاں جاری ہیں، جبکہ جلسہ کے سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی رہائش گاہ نائن زیرو عزیز آباد میں مرکزی کیمپ کا انعقاد کردیا گیا ہے جہاں جلسہ عام کے سلسلے میں ایم کیوایم شعبہ خوتین کراچی کے 26 سیکٹرز کی ذمہ داران وکارکنان نے نائن زیرو پر ایم کیوایم کے پرچموں کی سلائی اور پرچم کے رنگ کے دوپٹوں کی رنگائی کا کام شروع کردیا ہے اور چوڑیوں، دوپٹوں کی پیکنگ میں بھی حصہ لے رہی ہیں، جبکہ کیمپ پر خواتین کا زبردست رش اور جوش خروش دیکھنے میں آرہا ہے۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کی اراکین نسرین جلیل اور ممتاز انوار نے کیمپ کا دورہ کیا تیاریوں کا جائزہ لیا اور خود بھی کام میں حصہ لیا۔جلسہ کی تیاریوں کے سلسلے میں مختلف علاقوں میں خواتین کی کارنرمیٹنگز کا سلسلہ جاری ہے، علاقائی سطح پر شعبہ خواتین کی ذمہ داران وکارکنان نے گھر گھر جاکر خواتین سے رابطے کیے اور جلسے کے بارے میں آگاہی فراہم کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔ جلسے کے حوالے سے خواتین میں بہت جوش وخروش پایا جاتا ہے، ہرایک پرجوش انداز میں بڑھ چڑھ کر کام کرنے میں مصروف ہے، یقیناً یہ ایک تاریخی جلسہ ہوگا جسے کامیاب بنانے کے لیے خواتین دن رات محنت کررہی ہیں، تیاریوں میں حصہ لینے والی خواتین کا کہنا ہے کہ جناب الطاف حسین نے خواتین کے حقوق کیلئے ہرفورم پر آواز بلند کی ہے اور ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس میں خواتین کو عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔خواتین کا کہنا تھا کہ 19 فروری کو باغ جناح میں ہونے والا خواتین کا جلسہ عام'' بااختیار عورت مضبوط پاکستان'' انشاءاللہ ایک نئی تاریخ رقم کرے گا۔

## پاکستان میں خواتین کے حقوق کی پامالی کی نظیر دنیا میں کہیں نہیں ملتی، محترمہ ناہید بیگم، محترمہ عائشہ آفتاب

## ایم کیوایم اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رُکن محمد یوسف نے درگاہ گرھوڑ شریف پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی

میرپورخاص:۔۔۔13فروری،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کی رکن وحق پرست رکن سندھ اسمبلی محترمہ ناہید بیگم اور رکن آئی ایس ٹی سی محترمہ عائشہ آفتاب نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے خواتین کے حقوق کیلئے ہمیشہ بھرپور آواز بلند کی، پاکستان کے ایک اسلامی ملک ہوتے ہوئے بھی جس طرح یہاں خواتین کے حقوق کی پامالی کی گئی اسکی نظیر دنیا میں کہیں نہیں ملتی ۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے میرپورخاص یوسی 1 اور یوسی 2 میں خواتین کے اجلاس کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم میرپورخاص زون شعبہ خواتین کی انچارج واراکین کمیٹی، یونٹس کی ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ جاگیردار اور وڈیرے محض اپنی جاگیریں بچانے کیلئے خواتین پر کاروکاری جیسے مکروہ الزامات لگا کر انہیں قتل کرتے ہیں، کبھی انہیں ونی جیسی بھیانک رسم کی بھینٹ چڑھادیا جاتا ہے، تو کبھی چند سکوں کے عوض انہیں کم عمری میں شادی کیلئے مجبور کردیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ تعلیم اور صحت جیسی بنیادی سہولیات تو دور کی بات، مظلوم عورتوں کو عزت کی زندگی گزارنے کے مواقع دیے ہی نہیں جاتے۔ شہروں میں بھی

صورتحال اس سے کچھ مختلف نہیں تھی لیکن قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دی گئی ہمت ،عزت اوراعتماد کی بدولت آج شہروں میں خواتین بہتر زندگی گزار رہی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ کسی بھی قوم کی تقدیر دراصل قوم کی ماؤں کے ہاتھوں میں ہوا کرتی ہے کیونکہ کسی بھی انسان کی پہلی درس گاہ ماں کی گود ہوتی ہے،ایک باشعور،تعلیم یافتہ ماں ہی بہتر اورصحت مند معاشرے کے قیام کے لیے سودمند ثابت ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم نے خواتین کے حقوق کیلئے ہرسطح پرآواز اُٹھائی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین نے خواتین کوایم کیوایم کی شکل میں ایک ایسا پلیٹ فارم فراہم کیا ہے جہاں سے وہ اپنے حقوق کے حصول کیلئے موثر طریقے سے آواز بلند کرسکتی ہیں،لہٰذا تمام مائیں اور بہنیں 19فروری کوقائدتحریک جناب الطاف حسین کی آواز پر لبیک کہتے ہوئے زیادہ سے زیادہ تعداد میں جلسہ عام''بااختیارعورت مضبوط پاکستان''میں شرکت کریں۔دریں اثناءمتحدہ قومی موومنٹ اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رُکن محمد یوسف نے درگاہ گرھوڑشریف پر حاضری دی اور پھولوں کی چادر چڑھائی۔اس موقع پرانہوں نے میڈیا سے گفتگوکرتے ہوئے کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے اولیائے کرام کی سرزمین سے نفرتوں کا خاتمہ کردیا ہے،سندھ دھرتی اولیائے کرام کی دھرتی ہے جنہوں نے ہمیشہ پیار ومحبت،افہام وتفہیم اور انسانیت کا درس دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ کچھ لوگ اپنی مُنافقانہ سیاست کوچمکانے کے لیئے سازشوں کے جال بُن رہے ہیں تاکہ سندھ دھرتی کے باسیوں کے درمیان نفرتوں کی دیوارکھڑی کی جاسکے لیکن قائدتحریک الطاف حُسین بھائی کی انتھک محنت،فکروفلسفہ اورخلوص کی بدولت آج سندھ دھرتی کے باسیوں میں نفرتوں کا تیزی سے خاتمہ ہورہا ہے اور پیارومحبت اوریگانگت کے پھول کھل رہے ہیں،انشاءاللہ وہ دن دورنہیں جب قائدتحریک الطاف حسین کی کوششوں کی بدولت اولیائے کرام کا پیغام محبت سندھ کے تمام باسیوں کے دلوں میں ہوگا۔اس موقع پراندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے رُکن علی مرتضیٰ،ایم کیوایم میرپورخاص کی زونل کمیٹی کے رکن حاجی عبدالغفور بروہی بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13فروری2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی کراچی کے رکن نادر دشتی کی ہمشیرہ کندن بیگم،ایم اوسی اورنگی ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے انچارج محمد شریف کے صاحبزادے ابوبکر،ملیرسیکٹر یونٹ95 کے کارکن محمد لئیق کی والدہ محترمہ محفوظ سلطانہ،ایم کیوایم ایلائڈ رزونگ کے کارکن غلام نبی کے والد محمد نبی،کورنگی سیکٹر یونٹ 71 کے کارکن محمد نعیم خان کے والد محمد سعید خان،ایم کیوایم جیکب آباد زون یونٹ سٹی تھل اے کے کارکن جبارعلی سومرو کے والدار باب علی سومرو،نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 137 کے کارکن عالیشان کی والدہ محترمہ زیتون بی بی،بلدیہ سیکٹر یونٹ 115 کے کارکنان شہید امتیاز زہری،جاوید احمد زہری اور وسیم زہری کی والدہ محترمہ خیر النساء بائی،پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 58 کے کارکن سید عدنان علی کی والدہ محترمہ سیدہ رشیدہ بانو اورسوسائٹی سیکٹر یونٹ 64 کے کارکن نورالدین کے والد بدرالدین کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضوردعا کی کہ مرحومین کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورلواحقین کوصبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆